گلبشب پروڈکشنز کا شاہکار

आन बान

آن بان

اداکاران

اوشا کرن۔ نمی۔ چرنجیت۔ اجیت۔

ہیرالال۔ الیاس۔

ہمی پال

قیمت ۱؍

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

آن بان کے گانے

گانا نمبر ۱

میرے دل میں تم چھپے ہو، دل میں آکر دیکھ لو
میری نظروں میں ہو تم، نظریں ملا کر دیکھ لو

تم کو ہی آواز دیتی ہیں یہ دل کی دھڑکنیں
گر یقیں آتا نہیں تو پاس آکر دیکھ لو

ہو گئے پہلی نظر میں زندگی کے فیصلے
آزمانا ہو اگر تو آزما کر دیکھ لو

کیا خبر تم بھی یوں محبت کا اثر ہو جائے گا
اپنے دل کی آگ میرے میں آکر دیکھ لو

گانا نمبر ۲

جھوم رہی ہے زندگی اے میرے دل تو گائے جا
سانس یہاں تک آئے جائے پیار کی دھن سنائے جا

تیرا شرارت شکریہ پیار کا درد دے دیا
درد میں ہے بڑا مزہ اور بھی بڑھائے جا

آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے کیسا ملا دیا اللہ
ہوش کیسے سنبھل دل کیسے لڑکھڑائے جا

پہلو سے دل نکال کے قدموں پہ تیرے رکھ دیا
چاہے اسے رلائے جا چاہے اسے ہنسائے جا

جھوم رہی ہے . . .

گانا نمبر ۳

اجی اس فانی دُنیا میں محبت کے سوا کیا ہے
اجی چھوڑو جی چھوڑو اس محبت میں دھرا کیا ہے
محبت گر نہ ہوتی کیوں چمک ہوتی ستاروں میں
گھٹائیں جھومتی کیوں پھول کیوں کھلتے بہاروں میں
جو سچ پوچھو محبت ہی خدا ہے اور خدا کیا ہے
اجی چھوڑو......

قدم کیسے اُٹھے کانٹوں بھری ہیں پیار کی راہیں
کہیں بکھرے ہوئے آنسو کہیں بکھری ہوئی آہیں
چلے جو پیار کی راہ پر اُنہیں آخر ملا کیا ہے
اجی چھوڑو......

اجی منزل پہ جب محبوب کا دیدار ہوتا ہے
خبر ہوتی ہے پھر کتنا سُہانا پیار ہوتا ہے
جو کانٹوں سے ڈرے پھولوں کی قیمت جانتا کیا ہے
اجی چھوڑو......

یہاں ڈر لگ رہا ہے پیار کر کے دِل نہ پچھتائے
میری نازک جوانی درد کی دُنیا نہ بن جائے
تمہیں مجھ کو بتاؤ دِل لگانے میں ترا کیا ہے
اجی چھوڑو......

اِدھر آؤ ذرا اک بار دیکھو میری آنکھوں میں
دھڑک اُٹھا ہے دِل جادو ہے کیسا تیری آنکھوں میں

نگاہیں مِل گئیں اب یہ بتا دو فیصلہ کیا ہے
اجی تم مجھ کو کہتے ہو محبت کے سوا کیا ہے
اجی اس نادانی .....

گانا نمبر ۴

یہ آگ لگے تو دِل ترپے، یہ بجھ جائے تو دِل ترسے
نہ جلا ہی سکوں نہ بجھا ہی سکوں یہ کیسی جوت جلائی
تو نے کیسی آگ لگائی

پہلے تو ایسی بات نہ تھی ایسے دِن ایسی رات نہ تھی
اِک گھڑی میں جادو کر گیا او ظالم تیری دُہائی
تو نے کیسی آگ لگائی

تاروں نے دیئے طعنے مجھ کو کیوں نیند نہیں آتی مجھ کو
کروٹ پہ کروٹ لے لے کر میں نے ساری رات بتائی
تو نے کیسی آگ لگائی

گانا نمبر ۵

پی پی کی بولی نہ بول پپیہے
کہنا نہ اپنا درد کسی سے
پی پی کی بولی ...

جان گئی تیرے دِل کا میں دکھڑا
مجھ سے بھی تیرا ہر دم ہے بچھڑا
روتا ہے دنیا میں کون خوشی سے
کہنا نہ اپنا درد کسی سے

پی پی کی بولی۔۔۔

تو بھی دیوانہ میں بھی دیوانی
تیری کہانی ہے میری کہانی
دونوں ہی تڑپیں دل کی لگن سے
کہنا نہ اپنا درد کسی سے

پی پی کی بولی۔۔۔

دل جو ملے تو بچھڑنا بھی ہوگا
جلنا بھی ہوگا تڑپنا بھی ہوگا
کیوں رہ رہے ہیں پگلے ابھی سے
کہنا نہ اپنا درد کسی سے

پی پی کی بولی۔۔۔

گانا نمبر ۱۲

مرلی منوہر دیو کی نندن گووردھن گردھاری
سب کی لاج بچائی تو نے اب ہے ہماری باری
سن لے عرض موری اے نند لالہ
اے نند لالہ مورے کرشن گوپالا

سن لے۔۔۔

اک تان کا نغمہ ایسی سنا دے
سوئی ہے قسمت اس کو جگا دے
مانوں میں تجھ کو پھر مرلی والا

سن لے۔۔۔

درد بھری ہے شیاما میری کہانی
پانی میں نیا نیا میں پانی
دنیا کی نجر سے مجھے دنیا کی قسم ہے
جس گود میں کھیلے اسی جمنا کی قسم ہے
گوکل کی قسم ہے مجھے متھرا کی قسم ہے
او رادھے کے پیارے تجھے رادھا کی قسم ہے
سن لے.....

رفیع ۔

گانا نمبر ۵

بھگوان تمہاری دنیا میں کیوں دل ٹھکرائے جاتے ہیں
کیوں چاہنے والوں کے ارماں مٹی میں ملائے جاتے ہیں
بھگوان تمہاری....
کیوں اس بے درد زمانے میں لاکھوں ہی محل ارمانوں کے
ہر روز بنائے جاتے ہیں ہر روز مٹائے جاتے ہیں
ہوتی ہے برائی کی پوجا اس تیری اندھی دنیا میں
اور نیک انساں آنسو کی طرح نظروں سے گرائے جاتے ہیں
بھگوان تمہاری....
او جیون بگیا کے مالی تیری بگیا کی یہ ریت ہے کیا
جو پھول کھلے سہرے کیلئے ارتھی پہ چڑھائے جاتے ہیں
بھگوان تمہاری....

گانا نمبر ۶

او آسمان والے او آسمان والے

جینے نہیں دیتے تیرے جہاں والے
او آسمان والے...
سنسار میں نہیں ہے بھگوان راج تیرا
تو کر چکا ہے اس کو اب ظلم کے حوالے
او آسمان والے....
ہوتی تھی جن پہ قربان چندا کی چاندنی بھی
قدموں میں رل رہے ہیں وہ آن بان والے
او آسمان والے...
روتی ہوئی محبت تجھ کو پکارتی ہے
ایک بار آ زمیں پر او آسمان والے
او آسمان....

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱-۱ محصولڈاک معاف

فلمی پرستان

وہ لاجواب فلمی کتاب ہے جو زر کثیر خرچ کر کے تیار کرائی گئی ہے۔ اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کئے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شائقین احباب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں در بدر بھٹکنا نہیں پڑیگا۔

قیمت صرف ۱-۱ 3 محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

دائرہ آباد پریس دہلی